OFFICE OF ADMINISTRATIVE TRIALS AND HEARINGS
Help Center

ریسٹورنٹ مالکان کے لیے OATH معلومات

میرے ریسٹورنٹ کا معائنہ کب کیا جائے گا؟

نیو یارک سٹی میں ہر فوڈ سروس اسٹیبلشمنٹ کا سال میں کم از کم ایک مرتبہ بغیر پیشگی اطلاع کے، موقع پر معائنہ کیا جاتا ہے۔ انسپکٹر کسی بھی ایسے وقت آ سکتا ہے جب ریسٹورنٹ میں کھانا یا مشروب وصول کیا جا رہا ہو یا تیار کیا جا رہا ہو، یا جب ریسٹورنٹ عوام کے لیے کھلا ہو۔

کیا میں انسپکٹر کی رائے سے اختلاف کر سکتا ہوں؟

جی ہاں۔ نیو یارک سٹی کا قانون آپ کو یہ حق دیتا ہے کہ آپ انسپکٹر کے کسی بھی مشاہدے یا نتیجے کو انتظامی سماعت میں چیلنج کر سکیں، جو OATH میں منعقد ہوتی ہے۔

میرا لیٹر گریڈ کیسے طے کیا جاتا ہے؟

معائنے کے دوران نیو یارک سٹی ہیلتھ کوڈ یا دیگر نیو یارک سٹی قوانین، قواعد یا ضوابط کی ہر خلاف ورزی کے ساتھ مخصوص تعداد میں پوائنٹس منسلک ہوتے ہیں۔ خلاف ورزی عوامی صحت کے لیے جتنی زیادہ خطرناک ہو، اتنے ہی زیادہ پوائنٹس اس کے ساتھ منسلک کیے جاتے ہیں۔ معائنے کے اختتام پر تمام پوائنٹس جمع کر کے انسپیکشن اسکور تیار کیا جاتا ہے۔ کم انسپیکشن اسکور کا مطلب بہتر لیٹر گریڈ اور کم جرمانے ہوتے ہیں۔ لیٹر گریڈ کی حد درج ذیل ہے: کل اسکور 0 - تا 13 پوائنٹس = "A" گریڈ؛ 14 - تا 27 پوائنٹس = "B" گریڈ؛ 28 یا اس سے زیادہ پوائنٹس = "C" گریڈ

دھیان رہے: آپ کا انسپیکشن اسکور جتنا کم ہوگا، ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کی طرف سے آپ کے ریسٹورنٹ کا معائنہ اتنی ہی کم بار کیا جائے گا۔ اگر سال کے پہلے معائنے میں آپ کو 14 سے کم پوائنٹس ملتے ہیں تو آپ کو فوری طور پر حتمی "A" لیٹر گریڈ دیا جاتا ہے اور اس معائنے سے متعلق تمام جرمانے معاف کر دیے جاتے ہیں۔ اگر سال کے پہلے معائنے میں آپ کو 14 یا اس سے زیادہ پوائنٹس ملتے ہیں تو آپ کا دوبارہ معائنہ کیا جائے گا۔ اس کے بعد آپ کو ایک "گریڈ کارڈ" اور ایک "گریڈ پینڈنگ کارڈ" دیا جائے گا۔ آپ OATH سماعت کی تاریخ تک ان دونوں میں سے کسی بھی کارڈ کو آویزاں کر سکتے ہیں۔ اگر دوبارہ معائنے میں آپ کو 14 سے کم پوائنٹس ملتے ہیں تو اس مخصوص معائنے سے متعلق تمام جرمانے معاف کر دیے جائیں گے۔

مزید معلومات کے لئے ملاحظہ فرمائیں:

- https://www.nyc.gov/assets/doh/downloads/pdf/rii/restaurant-grading-faq.pdf
- https://www.nyc.gov/site/doh/business/food-operators/letter-grading-for-restaurants.page

دھیان دیں: لیٹر گریڈ درج ذیل اداروں کو جاری نہیں کیے جاتے: موبائل فوڈ وینڈنگ یونٹس، عارضی فوڈ سروس اسٹیبلشمنٹس، پرائمری یا سیکنڈری اسکولوں کے زیرِ انتظام فوڈ سروس اسٹیبلشمنٹس، ہسپتال کے زیرِ انتظام کیفے ٹیریاز، اصلاحی ادارے، فلاحی تنظیمیں (بشمول سوپ کچنز یا دیگر تیار شدہ خوراک تقسیم کرنے کے پروگرام) وہ فوڈ سروس اسٹیبلشمنٹس جو غیر منافع بخش رکنیتی تنظیموں کے زیرِ انتظام ہوں اور صرف اپنے اراکین کو کھانا فراہم کرتی ہوں۔

خلاف ورزیوں کی اقسام: خلاف ورزیاں عوامی صحت کو لاحق خطرے کے لحاظ سے ”کریٹیکل“ یا ”جنرل“ ہو سکتی ہیں۔ کریٹیکل خلاف ورزیوں کے ساتھ زیادہ پوائنٹس منسلک کیے جاتے ہیں۔ خلاف ورزیوں کے مختلف ”کنڈیشن لیولز“ بھی ہو سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر معائنے کے دوران آپ کے ریسٹورنٹ میں 3 فروٹ فلائیز پائی جائیں تو یہ نسبتاً کم کنڈیشن سمجھی جا سکتی ہے، جبکہ اگر 20 فروٹ فلائیز پائی جائیں تو یہ زیادہ سنگین کنڈیشن تصور کی جائے گی۔ کنڈیشن جتنی زیادہ ہوگی: آپ کو اتنے زیادہ پوائنٹس ملیں گے اور ممکنہ جرمانہ بھی اتنا ہی زیادہ ہو سکتا ہے اگر آپ سمجھتے ہیں کہ انسپکٹر کی طرف سے بیان کردہ کنڈیشن درست نہیں ہے تو آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ اپنی سماعت کے دوران اسے OATH ہیرنگ آفیسر کے سامنے پیش کریں۔

میرا ممکنہ جرمانہ کیسے حساب کیا جاتا ہے اور یہ کتنا زیادہ ہو سکتا ہے؟

ممکنہ جرمانہ عائد کی گئی خلاف ورزیوں کی تعداد، ان کے ”کریٹیکل“ یا ”جنرل“ ہونے، اور بیان کردہ ”کنڈیشن“ پر منحصر ہوتا ہے۔ ہر انفرادی خلاف ورزی جس کا معائنے کے دوران مشاہدہ کیا جائے، جرمانے کا باعث بن سکتی ہے۔ جرمانے قانون کے ذریعے مقرر کیے گئے ہیں اور ان کی حد 200 ڈالر سے 2000 ڈالر تک ہو سکتی ہے۔ اگر آپ کو ”ریپیٹ آفینڈر“ (بار بار خلاف ورزی کرنے والا) تصور کیا جائے تو جرمانہ زیادہ بھی ہو سکتا ہے۔

کیا کوئی مجھے OATH سماعت کی تیاری میں مدد فراہم کر سکتا ہے؟

جی ہاں۔ اگر آپ کے پاس کوئی وکیل یا معاوضہ لینے والا، پیشہ ور، رجسٹرڈ نمائندہ نہیں ہے، تو آپ OATH ہیلپ سینٹر کے پروسیجرل جسٹس کوآرڈینیٹر سے بلا معاوضہ بات کر سکتے ہیں۔ پروسیجرل جسٹس کوآرڈینیٹر آپ کو قانونی معلومات اور وسائل فراہم کر سکتا ہے تاکہ آپ اپنی سماعت کی تیاری کر سکیں۔ یہ پیشہ ور افراد آپ کو سماعت کی کارروائی، آپ کے لیے دستیاب اختیارات کے بارے میں معلومات فراہم کر سکتے ہیں، اور آپ کے سوالات کا جواب دے سکتے ہیں۔ ہیلپ سینٹر پروسیجرل جسٹس کوآرڈینیٹر سے ملاقات کا وقت مقرر کرنے کے لیے براہ کرم OATH ہیلپ سینٹر سے کسی بھی OATH مقام پر ذاتی طور پر پیر تا جمعہ صبح 8:00 بجے سے شام 5:00 بجے تک رابطہ کریں، یا بذریعہ ٹیلی فون 436-0845 (212) پر کال کریں، یا بذریعہ ای میل Smallbizhelp@oath.nyc.gov پر رابطہ کریں۔